ایک انار دو انار

سلسلۂ مالیاتی خواندگی - فنانشل لٹریسی سیریز، درجہ اوّل (عمر 6 سے 8 سال)

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک کا مشترکہ منصوبہ

کاپی رائٹ© 2019 اسٹیٹ بینک آف پاکستان

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ اِس کتاب یا اِس کے کسی بھی حصے کو کسی بھی انداز میں نقل یا شائع کرنا، سوائے مختصر اقتباسات کے، جو کتاب کا جائزہ لینے کے لیے استعمال ہوں، ناشر کی واضح تحریری اجازت کے بغیر ممنوع ہے۔

بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تعاون سے پاکستان میں شائع کی گئی ہے۔

سنِ اشاعت، 2019

---

www.nflpy.pk

www.facebook.com/nflpypk

www.twitter.com/nflpypk

NFLP-Y کے آن لائن تعلیمی پورٹل تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ملاحظہ فرمایئے:
http://bit.ly/nflpy

فہرست

سلسلہ مالیاتی خواندگی — فنانشل لٹریسی سیریز ii

کتاب کا طریقہ استعمال iii

پھلوں کی دُکان 1

میرا سُرخ اسکول کا بستہ 33

صفدر کی مشہور بریانی 57

جوابات 78

سلسلۂ مالیاتی خواندگی - فنانشل لِٹریسی سیریز

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سلسلۂ مالیاتی خواندگی–فنانشل لٹریسی سیریز (NFLP-Y ، یا قومی خواندگی پروگرام برائے نوجوانان) کے درجہ اوّل (ایک انار دو انار) میں خوش آمدید۔ چار کتابوں کے سلسلے کی یہ پہلی کتاب ہے، جس کا مقصد بچوں اور نوجوانوں کو مالیاتی منصوبہ بندی کے اصولوں کو سمجھنے اور ان کا روزمرّہ زندگی میں اطلاق کرنے میں مدد دینا ہے۔

اس کتاب میں آپ دو بچوں کی کہانی کے بارے میں پڑھیں گے جو پیسوں اور خرید و فروخت کے معاملات کو سیکھ رہے ہیں۔

مالیاتی خواندگی، ایک شخص کی مالی معاملات کی سمجھ بوجھ اور انہیں سنبھالنے کے ہنر کا نام ہے۔ ان معاملات میں بچت کرنا، آمدنی سنبھالنا، اخراجات کو قابو میں رکھنا، سرمایہ کاری کرنا، اُدھار لینا، بجٹ بنانا اور منصوبہ بندی کرنا شامل ہیں۔ ایسا شخص جسے مالیاتی معاملات کی سمجھ بوجھ ہوگی، وہ اپنے آج اور کل کے لیے بہتر مالیاتی منصوبہ بندی اور فیصلے کرے گا۔ مالیاتی خواندگی میں مہارت سے ہر شخص فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

اس کہانی کے کردار اپنی زندگیوں کے مختلف مراحل میں مالیاتی اور تجارتی معاملات کے حوالے سے مختلف مسائل سے نمٹتے ہیں۔ کہانی پڑھتے ہوئے آپ جانیں گے کہ ہمارے کردار کس طرح ان مسائل کو حل کرتے ہیں۔ آپ اور آپ کے گھر والے مل کر اس کتاب سے لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

اس سلسلے کی کتابوں میں شامل ہیں:

سلسلۂ مالیاتی خواندگی، درجہ اوّل (ایک انار دو انار) عمر 6 سے 8 سال

سلسلۂ مالیاتی خواندگی، درجہ دوئم (انار کا درخت) عمر 9 سے 12 سال

سلسلۂ مالیاتی خواندگی، درجہ سوئم (انار کا رس) عمر 13 سے 17 سال

سلسلۂ مالیاتی خواندگی، درجہ چہارم (انار کا کاروبار) عمر 18 سے 29 سال

اگر آپ کو یہ کتاب پسند آئے تو ہم چاہیں گے کہ آپ اس سلسلے کی تمام کتابیں پڑھیں۔

ہم دعا گو ہیں کہ یہ مطالعہ آپ کے لیے خوش آئند ثابت ہو اور زندگی کے ہر موڑ پر کامیابی آپ کے قدم چومے!

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک کا مشترکہ منصوبہ

کتاب کا طریقۂ استعمال

عزیز طلباء اور والدین،

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سلسلۂ مالیاتی خواندگی—فنانشل لٹریسی سیریز کے درجہ اوّل،ایک انار دو انار میں خوش آمدید۔ (NFLP-Y) پیسوں کے بہتر استعمال کے بارے میں جاننا سب کی ضرورت ہے، جس میں آمدنی، اخراجات، بچت کرنا، اُدھار لینا، منصوبہ بندی اور بہت سی دیگر باتیں شامل ہیں۔ یہاں پیسوں کے معاملات سنبھالنا سیکھنے کے لیے تفریحی اور آسان طریقے دیے گئے ہیں۔

پیارے بچو! ہمیں امید ہے کہ اس کتاب کو آپ اپنے والدین، بہن بھائیوں اور دوستوں کے ساتھ مل کر پڑھیں گے۔

معزز والدین! ہمیں امید ہے کہ آپ اپنے بچوں کے ساتھ اس کتاب کا مطالعہ کریں گے۔ اس کے دوران اگر آپ بچوں سے اپنے ذاتی تجربات کے بارے میں بات کریں گے، تو وہ بہت کچھ سیکھیں گے۔

اس کتاب میں ایسی کہانیاں اور سرگرمیاں ہیں جن کے ذریعے آپ کو پیسوں کے متعلق جاننے میں مدد ملے گی۔

عملی کتابیں

عملی کتابوں میں چار اقسام کی علامتیں ہیں۔ ان علامتوں کا مطلب ہے اعداد کو جمع، تفریق، ضرب یا تقسیم کرنا۔



ہم اُمید کرتے ہیں کہ اس کتاب کو پڑھنا آپ کو بھرپور تفریح دینے کے ساتھ ساتھ آپ کی معلومات میں بھی اضافہ کرے گا۔

دعا گو،

شیریں

صفدر
رابعہ
شیریں
دانیال

خاندان سے ملیے

شیریں

شیریں کی عمر 8 سال ہے۔ اسکول میں ریاضی اور سائنس اس کے پسندیدہ مضامین ہیں۔ اُسے اسکول میں تقاریب منعقد کرنا پسند ہے۔

دانیال

دانیال شیریں کا 6 سالہ بھائی ہے۔ وہ کرکٹ کھیلنے کا شوقین ہے اور اُسے جانور بہت پسند ہیں۔

صفدر

صفدر، شیریں اور دانیال کے والد ہیں۔ وہ پھلوں کی دکان چلاتے ہیں۔

رابعہ

رابعہ، شیریں اور دانیال کی والدہ ہیں۔ وہ ایک مقامی اسکول میں ریاضی پڑھاتی ہیں اور اپنے بچّوں کی ہوم ورک کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

پھلوں کی دُکان



صفدر کی

اسکول کی چھٹیاں ہیں۔ شیریں اور
دانیال اپنے ابو کے ساتھ اُن کی
پھلوں کی دکان پر آئے ہوئے ہیں۔

صفدر کی پھلوں کی دکان
مجھے بہت خوشی ہے کہ
آج تم دونوں میرے
ساتھ یہاں آئے۔
مجھے بھی!
مجھے بھی!

ہمیں بھی تو اپنے کام کے بارے میں کچھ بتائیں۔
میں شہر کے لوگوں کو مختلف پھل بیچ کر پیسے کماتا ہوں۔

کیا ہم بھی آپ کی دکان سے تھوڑے سے پھل کھا سکتے ہیں؟
ہاں، بالکل! چلو کھاتے ہیں اور سیکھتے ہیں۔

صفدر کی پھلوں کی دکان

1. صفدر کی دکان میں کتنی اقسام کے پھل ہیں؟

ا) درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

1 2 3 4 5



صفدر انار، کیلے اور کینو بیچتا ہے۔

ب) ان پھلوں میں رنگ بھریے۔







ج) کیا آپ گِن کر بتا سکتے ہیں کہ صفدر نے کتنے انار، کیلے اور کینو بیچنے ہیں؟



انار ________

کیلے ________

کینو ________

کُل ________

صفدر گاؤں میں کسان سے
30 روپے کا ایک انار
خریدتا ہے۔


صفدر وہ انار شہر میں خریدار
کو 65 روپے کا بیچتا ہے۔
65 روپے کا
ایک انار

صفدر کو اِس کام میں 35 روپے
کا منافع ہوتا ہے۔

2. ایک کینو بیچنے سے صفدر کو کتنا منافع ملتا ہے؟



قیمتِ فروخت 45 روپے

قیمتِ خرید 25 روپے

منافع ____________

آج صفدر 5 انار خریدنا چاہتا ہے۔



3. صفدر کو 5 انار خریدنے کے لیے کتنے پیسے چاہیے ہوں گے؟

قیمت فی انار (روپے): 30

انار کی تعداد: 5

کُل قیمت خرید: ________



صفدر نے پانچوں انار بیچ دیے۔



4. اُس نے کتنے پیسے کمائے؟

قیمتِ فروخت فی انار (روپے):	65
اناروں کی تعداد:	5
کُل قیمتِ فروخت:	325 روپے

5. صفدر کو 5 انار بیچنے سے کتنا منافع ملا؟

حاصل ہونے والے پچھلے نمبروں سے خالی جگہیں پُر کریں۔

صفدر نے ______ روپے خرچ کر کے 5 انار خریدے۔

اُس نے وہ انار ______ روپے میں بیچ دیے۔

صفدر کو کُل ______ روپے کا منافع ہوا۔

6. یہاں ایک انار، ایک کینو اور ایک کیلے کی قیمتِ فروخت اور قیمتِ خرید دی گئی ہیں۔
ہر پھل پر کتنا منافع ملے گا؟

انار

قیمتِ خرید	قیمتِ فروخت	منافع
80 روپے	140 روپے	______

کینو

قیمتِ خرید	قیمتِ فروخت	منافع
30 روپے	60 روپے	______

کیلا

قیمتِ خرید	قیمتِ فروخت	منافع
20 روپے	40 روپے	______

کیا آپ کا جواب درست تھا؟

7. اُس پھل کی تصویر بنائیں جو 60 روپے میں بیچا جا رہا ہے۔

8. اُس پھل کی تصویر بنائیں جس کی قیمتِ خرید سب سے کم ہے۔

9. اُس پھل کی تصویر بنائیں جس پر سب سے زیادہ **منافع** ملا ہے۔

ایک خریدار 2 کینو اور 3 کیلے خریدتا ہے۔

10. جتنے کینو اور کیلے فروخت ہوں گے اُن کے گرد دائرہ بنائیں۔



11. 2 کینو اور 3 کیلوں کے لیے خریدار شیریں کو کتنے پیسے دے گا؟

2 کینوؤں کی قیمت ______________

3 کیلوں کی قیمت ______________

کُل قیمت ______________

ایک خریدار نے کُل 420 روپے ادا کرنے ہیں۔ اُس کے پاس مختلف نوٹ اور سکے ہیں۔

12. اُن نوٹوں اور سکّوں کے گرد دائرہ بنائیں جو وہ استعمال کرے گا۔

سو روپے کے نوٹ



پچاس روپے کے نوٹ

بیس روپے کے نوٹ

دس روپے کے نوٹ

پانچ روپے کے سکّے

خریدار یہ نوٹ شیریں کو دیتا ہے:

13. خریدار شیریں کو کتنے پیسے دیتا ہے؟

خریدار شیریں کو ______ روپے دیتا ہے۔

14. شیریں نے خریدار کو کتنے پیسے واپس کرنے ہیں؟

ا) پھلوں کی کُل قیمت 420 روپے ہے۔

ب) شیریں نے ______ روپے واپس کرنے ہیں۔

15. شیریں نے خریدار کو بقایا ______ روپے دینے ہیں۔ کیا آپ وہ نوٹ چُننے میں شیریں کی مدد کر سکتے ہیں جو اُس نے خریدار کو دینے ہیں؟

شیریں اور دانیال پورا دن اپنے
ابو کی مدد کرتے ہیں۔
وہ بہت سارے پھل بیچتے ہیں۔

وہ کُل 5000 روپے
کے پھل بیچتے ہیں۔

شاباش بچو! میری مدد کرنے کا بہت شکریہ۔ یہ لو تم دونوں کا انعام!

شکریہ ابّا! میں چاہتی تو نہیں
تھی کہ چھٹیوں میں کوئی کام
کروں، لیکن بہت مزا آیا۔

میں نے بہت کچھ سیکھا۔ ہم
اسکول میں ریاضی پڑھتے ہیں اور
آپ اسے اپنے کام میں استعمال
کرتے ہیں۔

آپ نے اب تک بہت اچھی کوشش
کی۔ آگے بھی اِسی طرح سیکھتے رہیں۔

میرا سُرخ اسکول کا بستہ

رابعہ شیریں اور دانیال کو اُن کی نئی اسکول ٹرم کے
لیے چیزیں دلانے ساتھ لے کر جاتی ہے۔

ق جنرل سٹور

امّی! مجھے وہ سُرخ بستہ بہت
پسند آیا ہے، لیکن وہ 300 روپے
کا ہے اور میرے پاس
صرف 150 روپے ہیں۔

شیریں، ہم یہاں صرف وہ چیزیں خرید نے آئے ہیں جن کی تمھیں اپنی نئی ٹرم کے لیے ضرورت ہے۔ کیا تمھارے پاس پہلے سے بستہ نہیں ہے؟
کیا آپ مجھے یہ لے کر دے سکتی ہیں؟

دیکھو، اگر تم کوئی ایسی چیز لینے کی خواہش کرو جس کی تمہیں ضرورت نہ ہو اور اُسے خریدنے کے پیسے بھی نہ ہوں، تو تمہیں چاہیے کہ پہلے اُتنے پیسے جمع کرو۔
Drawing

میرے پاس ہے تو سہی، لیکن
وہ پُرانا ہو گیا ہے اور میرا بہت دل
چاہ رہا ہے یہ سُرخ والا لینے کا۔
Pencil Colors
Pencil Colors

16. دُکان پر موجود چیزوں کو **خواہشات** اور **ضروریات** کے حساب سے علیحدہ کریں۔

گلٹر پین



اسکول کا بستہ



چِپس

پنسل باکس



اسٹکرز

نوٹ بُک

ضروریات

کچھ چیزیں اہم ہوتی ہیں اور اُنہیں خریدنا لازمی ہوتا ہے۔ یہ چیزیں انسانی ضروریات کو پورا کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر، اسکول جانا اور کھانا کھانا، دونوں ضروریات ہیں۔

خواہشات

کچھ چیزیں ضروری نہیں ہوتیں لیکن وہ آپ کو خوشی دیتی ہیں اس لیے آپ اُن کو خریدنا چاہتے ہیں۔ یہ آپ کی خواہشات ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر، نیا کھلونا خریدنا اور آئس کریم کھانا، دونوں خواہشات ہیں۔

ضروریات	خواہشات
1. اسکول کا بستہ	1.
2.	2.
3.	3. گلٹر پین

17. دُکان پر موجود اُن چیزوں کے گرد دائرہ بنائیں جو شیریں اپنے 150 روپے سے خرید سکتی ہے۔

Rs. 300


Rs. 50


Rs. 100

Rs. 15
Chips

Rs. 60

Rs. 25
BRAVO!
NICE!!
OK!
cool!
GREAT!
AWESOME!

شیریں سُرخ بستہ خریدنا چاہتی ہے، لیکن اُس کے پاس صرف **150** روپے ہیں۔

18. بستہ خریدنے کے لیے اُسے مزید کتنے پیسوں کی ضرورت ہیں؟



شیریں کو مزید ______ روپے چاہئیں تا کہ وہ بستہ خرید سکے۔

19. شیریں اپنی نئی کلاس کے پہلے دن وہ خوبصورت سُرخ بستہ لے کر جانا چاہتی ہے۔
شیریں کے پاس بستہ خریدنے کے لیے کتنا وقت ہے؟

SCHOOL
TIMETABLE

پیر	منگل	بُدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار
آج 1	2	3	4	5	6	7
8	9	10	11	12	13	14
15	16	17	18	19	20	21
22	23	24	25	26	27	28
کلاس 29	30					

دن

ایک اچھا بچت کا ہدف وہ ہوتا ہے جس میں ایک مقصد، بچت کی رقم اور مدّت شامل ہو۔

20. بچت کا ہدف بنانے میں شیریں کی مدد کریں۔ دائیں طرف موجود ہر بات کو بائیں طرف موجود اُس کے متعلقہ خانے سے ملائیں۔

مقصد	150 روپے
رقم	01 مہینہ
وقت	بستہ خریدنا

21. کسی ایسی چیز کی تصویر بنائیں جسے خریدنے کے لیے آپ بچت کرنا چاہتے ہیں:

اس کی قیمت ________ روپے ہے۔

مجھے یہ ________ ہفتوں میں چاہیے۔

22. شیریں کو ہر ہفتے اپنے ابو سے **50** روپے ملتے ہیں۔ وہ ہر ہفتے **20** روپے خرچ کر دیتی ہے۔ ٹرم شروع ہونے سے پہلے وہ کتنے پیسے جمع کر سکتی ہے؟

شیریں	پہلا ہفتہ	دوسرا ہفتہ	تیسرا ہفتہ	چوتھا ہفتہ	کُل
	شیریں کے پاس پہلے سے **150** روپے موجود ہیں۔				
شیریں کو ملنے والی رقم	50	50	50	50	
شیریں کا خرچہ	20	20	20	20	
شیریں کی بچت					

4 ہفتوں میں شیریں کی بچت : ________ روپے

اُس کے پاس پہلے سے موجود رقم : ________ روپے

کُل رقم : ________ روپے

23. کیا شیریں نے اپنا ہدف پورا کیا؟ ہاں / نہیں

اپنا ہدف پورا کرنے کے لیے اُسے مزید کتنے پیسوں کی ضرورت ہے؟

ہدف : 150 روپے

کُل رقم : ________ روپے

شیریں کو درکار مزید رقم : ________ روپے

24. نیچے شیریں کے پہلے ہفتے کے خرچے دیے گئے ہیں:



اگر وہ پہلے ہفتے میں 10روپے کی بچت کرنا چاہتی ہے تو اُسے کون سے خرچے ختم کرنے پڑیں گے؟ اُن خرچوں کے گرد دائرہ بنائیں۔

25. اگر شیریں دوسرے ہفتے کی بچت کا ہدف پورا کرنا چاہتی ہے تو وہ صرف **15** روپے خرچ کر سکتی ہے۔ دوسرے ہفتے کے اسنیکس کا بہترین راستہ ڈھونڈنے میں اُس کی مدد کریں۔



اگر آپ بھی کچھ عرصہ تھوڑے بہت پیسے بچاتے رہیں
تو جلد ہی آپ کے پاس اِتنے پیسے ہوں گے کہ آپ اپنی ضرورت کی چیزیں خرید سکیں۔
لیکن اگر آپ اُس سے زیادہ پیسے خرچ کر دیں جتنے آپ کو کرنے چاہئیں
تو ضرورت پڑنے پر آپ کے پاس پیسے نہیں ہوں گے۔


ندیم اسٹیشنرز
اگر آپ کوئی بڑا کھلونا خریدنا چاہتے ہیں تو آپ ایسے نہیں کر سکتے کہ پہلے سستے کھلونے خریدتے رہیں۔ آپ کو پہلے انتظار کرنا ہوگا کہ آپ کے پاس زیادہ پیسے جمع ہو جائیں۔

26. تصویر کو مکمل کریں اور رنگ بھریں۔



27. آپ جو کھلونا خریدنا چاہیں گے اُس میں رنگ بھریں۔



28. آپ کو ہر ہفتے **50** روپے ملتے ہیں۔

یہ کھلونا خریدنے کے لیے مجھے ______ ہفتے لگیں گے۔

صفدر کی مشہور بریانی

بچو! آج میں آپ کو اپنی مشہور
بریانی بنا کر کھلاؤں گا۔

شیریں !
کیا یہ تمہارے پیسے ہیں ؟
یہ مصالحے کے ڈبے میں
کیا کر رہے ہیں ؟
جی ابو !
آپ نے کہا تھا کہ میں
اپنے پیسے کسی محفوظ جگہ پر رکھوں۔
میرے پاس تقریباً اِتنے پیسے جمع
ہو گئے ہیں کہ میں نیا بستہ خرید سکوں۔

لیکن ابو، بینک اکاؤنٹ
تو صرف بڑوں کے لیے
نہیں ہوتے؟

چلو ایسا کرتے ہیں کہ اگلی مرتبہ تم بچوں کے بینک اکاؤنٹ کھلواتے ہیں۔

نہیں
شیریں، پاکستان میں بہت سے بینک ہر عمر کے بچوں کے لیے بچت اکاؤنٹ کھلوانے کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

29. بینک تک پہنچنے میں شیریں کی مدد کریں۔



بینک ہمارے پیسے محفوظ رکھتے ہیں اور ہمیں جمع کروائے گئے ہر روپے پر ادائیگی بھی کرتے ہیں۔

آپ جب اکاؤنٹ کھلواتے ہیں تو

- آپ کو ایک مفت چیک بُک دی جاتی ہے
- اے ٹی ایم کے لیے ایک ڈیبٹ کارڈ دیا جاتا ہے
- دُکانوں اور ریستورانوں پر ڈسکاؤنٹ ملتا ہے

30. ان تصویروں کو دیکھ کر یا خود سے اُن مختلف طریقوں کی تصویریں بنائیں جن کے ذریعے آپ بینک سے پیسے نکلوا سکتے ہیں۔

طریقہ: برانچ ٹیلر

تصویر

برانچ ٹیلر: بینک میں کام کرنے والا ایسا شخص جس کا کام کسٹمرز سے پیسے وصول کرنا اور انہیں پیسے دینا ہوتا ہے

طریقہ: اے ٹی ایم

تصویر

اے ٹی ایم: بینک کی وہ مشین جس میں سے آپ پیسے نکلوا سکتے اور جمع کروا سکتے ہیں

طریقہ: موبائل بینکنگ

تصویر

موبائل بینکنگ: بینکوں کی طرف سے دی گئی سروس جس کے ذریعے کسٹمرز اپنے موبائل فون سے بینک کی مختلف سروسز استعمال کر سکتے ہیں جیسے کسی کو پیسے بھیجنا

طریقہ: چیک



تصویر

چیک: کاغذ کا ایک ٹکڑا جس کے ذریعے کسی کو بینک میں موجود رقم سے ادائیگی کی جاتی ہے



صفدر نے شیریں کے لیے بینک اکاؤنٹ کھلوایا۔

شیریں نے اپنا آن لائن اکاؤنٹ کھولنا ہے۔
اِس سے اُسے اپنی بچت کی رقم پر نظر رکھنے میں مدد ملے گی۔

سروس

ایسا کرنے کے لیے اُسے دو چیزوں کی ضرورت ہے
'password' اور 'username':

اُس نے اپنا پورا نام username کے طور پر استعمال کیا
اور اپنی سالگرہ کی تاریخ کو اپنا password رکھا۔



اپنے آن لائن بینکنگ پروفائل کے لیے ایک
username اور خفیہ **password** سوچیں۔

خیال رکھیں کہ وہ چھ **characters** سے لمبا ہو۔
یہ کوئی ایسا لفظ ہونا چاہیے جو آپ کے لیے بہت خاص معنی رکھتا ہو
اور دوسروں کے لیے بوجھنا آسان نہ ہو۔

Username : ____________________

Password : ____________________

اب **password**
کو اچھی طرح چھپالیں تاکہ یہ کسی کو معلوم نہ ہو سکے۔

اگر آپ 1,000 روپے گھر پر رکھیں تو وہ دس سال بعد بھی 1,000 روپے ہی رہیں گے۔ لیکن بینک میں آپ کو اپنی بچت کی رقم پر منافع ملتا ہے۔



بینک کی طرف سے ملنے والا منافع ظاہر کرنے کے لیے **bars** کے اوپر والے خانوں میں رنگ بھریں۔

+



میں نے سیکھا کہ :

- ضروریات خواہشات سے زیادہ ضروری ہیں۔
- پیسے کمائے جاتے ہیں یا اُن کو جمع کیا جاتا ہے۔
- بچت کرنا آپ کے مستقبل کے لیے ضروری ہے۔
- بچت کے کسی بھی ہدف میں مقصد، بچت کی رقم اور مدّت شامل ہوتے ہیں۔
- خرچے کم کرنے سے ہدف پورا ہو سکتا ہے۔
- بینک میں پیسے جمع کروانے کے بہت سے فوائد ہیں۔

جوابات

1. صفدر کی دُکان میں کتنی اقسام کے پھل ہیں؟

صفدر نے اپنی دُکان میں **3** اقسام کے پھل رکھے ہیں۔

انار کیلے کینو

1(ج) کیا آپ گِن کر بتا سکتے ہیں کہ صفدر نے کتنے انار، کیلے اور کینو بیچنے ہیں؟

6 انار

6 کیلے

3 کینو

2. ایک کینو بیچنے سے صفدر کو کتنا منافع ملتا ہے؟

منافع = قیمتِ خرید — قیمتِ فروخت

قیمتِ فروخت: **45** روپے

قیمتِ خرید: **25** روپے

منافع: **20** روپے **(45 – 25)**

3. صفدر کو **5** انار خریدنے کے لیے کتنے پیسے چاہیے ہوں گے؟

قیمت فی انار (روپے) **30**

اناروں کی تعداد **5**

چیزوں کی تعداد × قیمت خرید = کُل قیمت خرید

مثلاً،

5 روپے × **30** روپے = **150** روپے

جوابات

5. صفدر کو 5 انار بیچنے سے کتنا منافع ملا؟
حاصل ہونے والے پچھلے نمبروں سے خالی جگہیں پُر کریں۔

صفدر نے 150 روپے خرچ کر کے 5 انار خریدے۔

اُس نے وہ انار 325 روپے میں بیچ دیے۔

صفدر کو کل 175 روپے کا منافع ہوا

6. نیچے انار، کیلے اور کینو کی قیمت فروخت اور قیمت خرید دی گئی ہیں۔
ہر پھل پر کتنا منافع ملا؟

منافع = قیمتِ خرید − قیمت فروخت
انار = 60 روپے
کینو = 30 روپے
کیلے = 20 روپے

11. 2 کینو اور 3 کیلوں کے لیے خریدار شیریں کو کتنے پیسے دے گا؟

2 کینوؤں کی قیمت = 50 روپے
3 کیلوں کی قیمت = 15 روپے
کُل قیمت = 65 روپے

13. خریدار شیریں کو کتنے پیسے دیتا ہے؟

خریدار اُسے 450 روپے دیتا ہے۔

جوابات

15. شیریں نے خریدار کو کتنے پیسے واپس کرنے ہیں؟

شیریں نے 30 روپے واپس کرنے ہیں۔

16. دکان پر موجود چیزوں کو ضروریات اور خواہشات کے حساب سے علیحدہ کریں۔

ضروریات	خواہشات
1. اسکول کا بستہ 2. پنسل باکس 3. نوٹ بُک	1. اسٹکرز 2. چِپس 3. گلٹر پین

18. شیریں سُرخ بستہ خریدنا چاہتی ہے، لیکن اُس کے پاس صرف 150 روپے ہیں۔ بستہ خریدنے کے لیے اُسے مزید کتنے پیسوں کی ضرورت ہے؟

بقایا رقم = موجودہ بچت − بیگ کی قیمت

300 − 150 = 150

بقایا رقم = 150 روپے

شیریں کو مزید 150 روپے چاہئیں تاکہ وہ بستہ خرید سکے۔

جوابات

19. شیریں اپنی نئی کلاس کے پہلے دن وہ خوبصورت سُرخ بستہ لے کر جانا چاہتی ہے۔
شیریں کے پاس بستہ خریدنے کے لیے کتنا وقت ہے؟

اُس کے پاس 28 دن ہیں۔

22. شیریں کو ہر ہفتے اپنے ابو سے 50 روپے ملتے ہیں۔ وہ ہر ہفتے 20 روپے خرچ کر دیتی ہے۔ ٹرم شروع ہونے سے پہلے وہ کتنے پیسے جمع کر سکتی ہے؟

4 ہفتوں میں شیریں کی بچت:

30 + 30 + 30 + 30 = 120

اُس کے پاس پہلے سے موجود رقم: 150

کُل قیمت: 150 + 120 = 270

23. کیا شیریں نے اپنا ہدف پورا کیا؟ اپنا ہدف پورا کرنے کے لیے اُسے مزید کتنے پیسوں کی ضرورت ہے؟

ہدف − بچت کی کُل رقم

300 − 270

= 30 روپے

جوابات

28. آپ کو ہر ہفتے **50** روپے ملتے ہیں۔ یہ کھلونا خریدنے کے لیے مجھے ______ ہفتے لگیں گے۔

50 ÷ کھلونے کی قیمت

گاڑی

50 ÷ **100** = **2** ہفتے

ٹریکٹر

50 ÷ **150** = **3** ہفتے

کرین

50 ÷ **250** = **5** ہفتے

جہاز

50 ÷ **350** = **7** ہفتے

knowledge platform

ڈیزائن اور تصنیف
از نالج پلیٹ فارم

اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایشین ڈیولپمنٹ بینک کا مشترکہ منصوبہ